DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 21.08.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | مساوی ترقی اور عوام کے حقوق پر یقین رکھتے ہیں، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹیں دور کرینگے، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | افغانستان ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ کیخلاف سخت کارروائی کرے، پاکستان | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر دو غیر قانونی فوڈ یونٹس سیل | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | کوئٹہ سے متعدد مشتبہ افراد گرفتار، وکیل کو رہا کر دیا گیا، حکومتی ترجمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | نوشکی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ضلعی افسران کا اجلاس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ہنہ اوڑک 1958 میں قائم بچری حالیہ سیلاب سے شدید متاثر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | محکمہ موسمیات نے آئندہ چار روز تک مزید بارشوں کی پیشگوئی کر دی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | مفتی جان محمد کو داڑھی سے پکڑ کر گھسیٹنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حکومت اپنی غلط پالیسیوں کا پھل خود کھا رہی ہے، مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سیاسی جماعتیں متحد ہو کر ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالیں، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پارلیمنٹ کے فیصلے مقتدر قوتوں کی منشاء سے ہوتے ہیں، مولانا لونی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بارڈر کی بندش سے 30 لاکھ افراد بے روزگار ہو گئے ہیں، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | حلقہ انتخاب کی ترقی وعوامی خدمت اولین ترجیح ہے، علی مدد جتک | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

اوستہ محمد دشمنی کے باعث فائرنگ دو افراد جاں بحق پانچ زخمی، سوئی سی ڈی آفس پر دستی بم حملہ، اوستہ محمد، خاران اور نصیر آباد میں فائرنگ کے واقعات چار افراد جاں بحق، چھ زخمی، زیارت میں لیویز تھانے پر مسلح افراد کا حملہ، اہلکار زخمی، سبی مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

## عوامی مسائل:

گائے کے دودھ کا نرخ 125 روپے فی لیٹر مقرر کیا جائے، دودھ فروشوں کا مطالبہ۔کوئٹہ انٹرنیٹ کی طویل بندش لاکھوں شہری روزگار تعلیم سے محروم

مورخہ 21.08.2025

## اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی تعمیر وترقی ،شفافیت اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کی اہمیت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے اس سے قبل گزشتہ روز بھی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تاکید کی تھی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اس سے اگلے روز وزیر اعلیٰ نے ایک بار پھر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

خطاب کرتے ہوئے سختی سے تاکید کی ہے کہ فنڈز کا درست استعمال یقینی بنایا جائے ان کا کہنا تھا کہ محکمہ کی ترقیاتی منصوبوں کی بناء پر صوبہ طویل عرصے سے غربت، پسماندگی اور وسائل کی کمی کا شکار رہا ہے اس پسماندگی کی ایک بڑی وجہ ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کی ست روی، معیار سے سمجھوتہ اور فنڈز کا غیر شفاف استعمال رہا ہے تاہم حالیہ برسوں میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے ایک نئی اور پرعزم حکمت عملی اپنائی گئی ہے اس وقت وفاقی اور صوبائی حکومت ایک صفحے پر ہیں اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی کیلئے ریکارڈ تعداد میں منصوبے شروع کئے گئے ہیں وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر مسلسل زور اس عزم کا واضح ثبوت ہے وزیر اعلیٰ کی یہ تاکید صرف ایک ہدایت نہیں بلکہ ایک پالیسی ہے جس کا مقصد صوبے کے عوام کو ان کے حقوق دلانا اور وسائل کا درست استعمال یقینی بنانا ہے بلوچستان کی پسماندگی کی وجوہات میں پیچیدہ سماجی، سیاسی اور جغرافیائی عوام شامل ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Bolochistan's Green Future" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون :**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**کچھ تازہ لطائف** " کے عنوان سے انور ساجدی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 21 AUG 2025 Page No. 1


## مساوی ترقی اور عوام کے حقوق پر یقین رکھتے ہیں، گورنر مندوخیل

**سیاسی رہنماؤں کی ن لیگ میں شمولیت ملک وقوم کی خدمت کے عزم کا ثبوت ہے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پارٹی کے سیاسی رہنماؤں سے کہا ہے کہ نئے لوگوں کے مسلم لیگ ن میں شمولیت کا فیصلہ ملک وقوم کی خدمت کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم آپ سب کو کھلے دل ودماغ کے ساتھ خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ کی شمولیت کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اس سے ہمارا سیاسی قافلہ مزید مضبوط اور مستحکم ہو جائیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، پاکستان تحریک انصاف کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر سابق ضلع ناظم خاران میر شوکت بلوچ، تحریک انصاف کے ضلعی صدر شہزادہ بہادر خان پیرکزی، جنرل سیکرٹری علی احمد محمد حسنی، اسٹوڈنٹ ونگ کے صدر میر سجاد مینگل اور دیگر سینکڑوں عہدیداران اور ساتھیوں سمیت پاکستان مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا، واضح رہے کہ اس موقع پر مسلم لیگ ق کے رہنماء جہانگیر شاہ نے بھی مسلم لیگ ن شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار سمیت پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنماء اور عہدیداران موجود تھے، گورنر نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن ایک ملک گیر سیاسی جماعت ہے، ہم مساوی ترقی اور عوام کے حقوق پر یقین رکھتے ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی صدر جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں آج دیگر سیاسی پارٹیوں سے سیاسی رہنماؤں اور قبائلی معتبرین کی شمولیت بہت خوش آئند ہے۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق نائب صدر کوئٹہ سال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز حاجی اسد خان نورزئی لرز ایسوی ایشن کے جمیل لودین ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ : گورنر جعفر خان مندوخیل مسلم لیگ ن میں شمولیت کرنیوالوں سے گفتگو کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA


## پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، جعفر خان مندوخیل

**ن لیگ میں شمولیت کرنے والوں کو کھلے دل سے خوش آمدید کہتے ہیں، ہمارا سیاسی قافلہ مزید مضبوط اور مستحکم ہو جائیگا، گورنر بلوچستان**

**سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے ملک وقوم کے روشن مستقبل کیلئے کام کریں، شمولیت کرنیوالوں سے شعیب نوشیروانی کی گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پارٹی کے سیاسی رہنماؤں سے کہا کہ نئے لوگوں کے مسلم لیگ ن میں شمولیت کا فیصلہ ملک وقوم کی خدمت کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم آپ سب کو کھلے دل ودماغ کے ساتھ خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ کی شمولیت کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اس سے ہمارا سیاسی قافلہ مزید مضبوط اور مستحکم ہو جائیگا. ان خیالات کا اظہار

ہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی نماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا. پاکستان ریک انصاف کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر ابق ضلع ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر


ناظم خاران میر شوکت بلوچ، تحریک انصاف کے ضلعی صدر شہزادہ بہادر خان پیرکزی، جنرل سیکرٹری علی آحمد محمد حسنی، اسٹوڈنٹ ونگ کے صدر میر سجاد مینگل اور دیگر سینکڑوں عہدیداران اور ساتھیوں سمیت پی ٹی آئی سے مستعفی ہو کر آج باقاعدہ پاکستان مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا. واضح رہے کہ اس موقع پر مسلم لیگ ق کے رہنماء جہانگیر شاہ نے بھی مسلم لیگ ن شمولیت کا اعلان کیا. اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار سمیت پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنماء اور عہدیداران موجود تھے. گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن ایک ملک گیر سیاسی جماعت ہے. ہم مساوی ترقی اور عوام کے حقوق پر یقین رکھتے ہیں۔ ہمیں آپ سب کا ساتھ دینے پر فخر ہے کیونکہ ہم نے پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی صدر جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں آج دیگر سیاسی پارٹیوں سے سیاسی رہنماؤں اور قبائلی معتبرین کی شمولیت بہت خوش آئند ہے. اب ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے ملک وقوم کے روشن مستقبل کیلئے کام کریں۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے پاکستان مسلم لیگ ن میں تحریک انصاف اور مسلم لیگ ق کے رہنماؤں کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ آپ کی شمولیت اور شرکت سے پاکستان مسلم ن کو بہت تقویت ملے گی۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی بریگیڈیئر (ر) آغا احمد گل ملاقات کر رہے ہیں

1

CLIPPING SERVICE

2


# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1194 QUETTA Thursday August 21, 2025 / Safar 26, 1447 Rs: 30




QUETTA: Pakistan Muslim League (N) Balochistan General Secretary and Member National Assembly Jamal Shah Kakar calls on Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti on Wednesday.

## PML-N General Secretary calls on CM

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti met with Pakistan Muslim League (N) Balochistan General Secretary and National Assembly member Jamal Shah Kakar.

The discussion focused on political affairs and collective development projects for the province, with a particular emphasis on addressing traffic issues in Quetta. Both leaders committed to using all available resources for Balochistan's development. Jamal Shah Kakar noted that with a coalition government of PML-N and the Pakistan Peoples Party, the Governor and Chief 'Minister would work together for the province's progress.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 21 AUG 2025 Page No. 3


## ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹیں دور کرینگے، سلیم کھوسہ

### صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کا کردار نہایت اہم ہے، اجلاس

کوئٹہ (غ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کا کردار نہایت اہم ہے، صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتر ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات و تعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ زون میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگوئی کے علاوہ کوئٹہ زون میں شامل تمام اضلاع کے انجینئرز آفیسران بھی موجود تھے اجلاس کو تمام اضلاع کے انجینئر آفیسران نے اپنے اپنے اضلاع میں جاری روڈ اور بلڈنگ سیکٹر میں منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے محکمہ کے جتنے بھی تیکنیکی مسائل ہیں انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں حائل رکاوٹیں ختم ہوں، انہوں نے کہا کہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام انجینئر آفیسران اپنے اپنے جائے تعیناتی پر اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 AUG 2025 Page No. 4

کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کے چھٹے سہ فریقی اجلاس میں سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق

# افغانستان ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ کیخلاف سخت کارروائی کرے، پاکستان

## پاکستان کیخلاف اپنی سرزمین استعمال نہیں ہونے دینگے، افغانستان کی یقین دہانی

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کے چھٹے سہ فریقی اجلاس کے موقع پر افغانستان کے قائم مقام وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی سے دوطرفہ ملاقات کی

تینوں ممالک کا دہشتگردی کیخلاف مشترکہ کوششیں تیز کرنے کا عزم، تجارت، ٹرانزٹ، علاقائی ترقی، صحت، تعلیم اور ثقافتی تعاون بڑھانے کا فیصلہ، دوطرفہ تعلقات میں حالیہ مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے افغان سرزمین سے کام کرنے والے دہشت گرد گروہوں کی جانب سے پاکستان کے اندر دہشت گردانہ حملوں میں حالیہ اضافہ کی طرف توجہ دلائی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کے وزرائے خارجہ کے چھٹے سہ فریقی اجلاس کے موقع پر افغانستان کے قائم مقام وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی سے دوطرفہ ملاقات

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کی، دونوں وزراء نے اپنے ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے 21 مئی 2025ء کو بیجنگ میں ہونے والے سہ فریقی اجلاس کے دوران طے پانے والے معاہدے کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان حال ہی میں سفارتی نمائندگی کے درجہ میں چارج ڈی افیئرز سے سفیر کے درجہ تک ہونے والی ترقی کا خیر مقدم کیا۔ حالیہ پیش رفت بشمول نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کے 19 اپریل 2025ء اور 17 جولائی 2025ء کو کابل کے دوروں اور 21 مئی 2025ء کو بیجنگ کے اجلاس پر غور کرتے ہوئے وزراء نے مثبت پیش رفت کو سراہا اور کہا کہ ان ملاقاتوں کے بیشتر فیصلے یا تو نافذ کر دیے گئے ہیں یا ان کی تکمیل قریب ہے۔ ان کوششوں سے پاک-افغان تعلقات خاص طور پر تجارت اور ٹرانزٹ کے شعبوں میں نمایاں مضبوطی آئی ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے سیاسی اور تجارتی تعلقات میں حوصلہ افزا پیش رفت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی کے شعبہ خاص طور پر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پیش رفت ابھی مطلوبہ رفتار سے ہونا باقی ہے۔ انہوں نے افغان سرزمین سے کام کرنے والے دہشت گرد گروہوں کی جانب سے پاکستان کے اندر دہشت گردانہ حملوں میں حالیہ اضافہ کی طرف توجہ دلائی اور افغان حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)/مجید بریگیڈ جیسے گروہوں کے خلاف ٹھوس اور قابل تصدیق اقدامات کریں۔ افغان قائم مقام وزیر خارجہ نے اس عزم کی تجدید کی کہ افغانستان اپنی سرزمین کو کسی بھی دہشت گرد گروہ کے ذریعہ پاکستان یا دیگر ممالک کے خلاف استعمال ہونے نہیں دے گا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے افغان حکام کی پرخلوص مہمان نوازی پر ان کا شکریہ ادا کیا اور چھٹے سہ فریقی ڈائیلاگ کی کامیاب میزبانی پر انہیں مبارکباد دی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 21 AUG 2025 Page No. 5


## کوئٹہ سے متعدد مشتبہ افراد گرفتار، وکیل کو رہا کر دیا گیا، حکومتی ترجمان

### اہم گرفتاری کے بعد تحقیقات کا دائرہ وسیع، تحقیقات کا عمل جاری ہے، شاہد رند

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومتی ترجمان شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ کوئٹہ سے حالیہ ایک اہم گرفتاری کے بعد تحقیقات کے دائرے کو وسیع کر دیا گیا ہے۔ سیکورٹی فورسز کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا جس میں ایک وکیل بھی شامل تھا تاہم اسے تحقیقات کے بعد وکیل کو چھوڑ دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں سیکورٹی فورسز نے صوبے کو بڑی تباہی سے بچاتے ہوئے ایک اہم گرفتاری کی تھی جس کے بعد تحقیقات کا دائرہ وسیع کیا گیا، اس دوران سیکورٹی فورسز کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ٹارگٹ کلرز موجود ہیں جس پر سیکورٹی فورسز نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی اور متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا جن میں ضمیر احمد ایڈووکیٹ بھی شامل تھے جنہیں ابتدائی تحقیقات کے بعد رہا کر دیا گیا تھا جبکہ دیگر افراد سے تحقیقات کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔

## نوشکی: انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ضلعی افسران کا اجلاس

### 36500 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف، ملک میں وائرس کی موجودگی باعث ندامت ہے، ڈی سی

نوشکی (نامہ نگار) انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ضلعی افسران کا اجلاس زیر صدارت ڈپٹی کمشنر محمد حسین ہزارہ ہوا اجلاس میں ایریا کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر جمیل احمد مستوئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبد الرحمن شیرانی نے یکم ستمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ پولیو مہم سے متعلق اجلاس کو بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر محمد حسین ہزارہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں پولیو وائرس کی موجودگی ہمارے لیے باعث ندامت ہے حکومت پاکستان نے پاکستان کو پولیو فری زون بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پولیو وائرس سے پاکستان کو پاک کرنے کا عزم کر رکھا ہے اس مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لینے کی ضرورت ہے یکم ستمبر سے شروع ہونے والے پانچ روزہ پولیو مہم کے دوران زیادہ سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انکا مستقبل محفوظ بنایا جائے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبد الرحمن شیرانی نے اجلاس کو بتایا مہم کے دوران 36500 بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے۔

## فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر دو غیر قانونی فوڈ یونٹس سیل

### سریاب روڈ پر رہائشی عمارت میں کھویا اور جوس تیار کیا جا رہا تھا، نمونے تجزیے کیلئے لیبارٹری بھیج دیئے گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی سریاب روڈ پر کارروائی، فوڈ سیفٹی قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر دو غیر قانونی فوڈ یونٹس کو سیل کر دیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ سریاب روڈ پر رہائشی مکانات میں غیر قانونی فوڈ یونٹس قائم کیے گئے ہیں جس پر ڈی جی نے فوڈ سیفٹی ٹیم کو کارروائی کی ہدایت کی ٹیم نے گزشتہ روز سریاب روڈ کے رہائشی علاقے میں قائم کھویا سپلائر اور جوس بنانے والے دو غیر قانونی فوڈ یونٹس کو فوڈ سیفٹی قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر سیل کر دیا۔ انسپکشن کے دوران کھویا سپلائر کے پاس کسی بھی قسم کی رسید یا ٹریس ایبلٹی ریکارڈ موجود نہ تھا جبکہ یونٹ میں کھویا انتہائی ناقص اور غیر صحت بخش حالت میں ذخیرہ کیا گیا تھا۔ مزید برآں یونٹ بی ایف اے کے لائسنس کے بغیر چلایا جا رہا تھا۔ دوسری جانب جوس پروڈکشن یونٹ میں جعلی اور غیر رجسٹرڈ برانڈز کے نام سے مشروبات تیار کیے جا رہے تھے۔ ٹیم کو معلوم ہوا کہ خام مال اور تیار شدہ مصنوعات کا ذخیرہ انتہائی خراب حالت میں تھا جبکہ پروسیسنگ لائن بھی ناقص اور غیر معیاری پائی گئی۔ جوس پیکنگ پر غلط ایڈریس اور جعلی رابطہ نمبرز درج تھے اور کوئی لیب رپورٹ بھی فراہم نہ کی گئی۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے یونٹ میں تیار ہونے والے چار مختلف برانڈز کے جوس کے نمونے موقع پر لے کر لیبارٹری تجزیے کے لیے روانہ کر دیئے۔


MASHRIQ QUETTA


## محکمہ موسمیات نے آئندہ 4 روز تک مزید بارشوں کی پیشگوئی کر دی

### بلوچستان کے اضلاع قلات، خضدار، لسبیلہ اور تربت کے ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات نے 4 روز کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا، کشمیر اور بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسلا دھار بارشوں کی پیشگوئی کر دی، محکمہ موسمیات کے مطابق 19 سے 22 اگست تک بالائی پنجاب کے شہروں لاہور، راولپنڈی ....... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

فیصل آباد، سیالکوٹ اور گوجرانوالہ میں شدید بارشوں کا امکان ہے اسلام آباد، راولپنڈی کے نشیبی علاقے زیر آب آنے، اربن فلڈنگ کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے، بلوچستان کے اضلاع قلات، خضدار، لسبیلہ اور تربت کے ندی نالوں میں طغیانی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے عوام اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کر دی۔


INTEKHAB QUETTA


## ہنہ اوڑک: 1958ء میں قائم ہیچری حالیہ سیلاب سے شدید متاثر

### ہیچری میں اس وقت تقریباً 120 بروڈرز موجود ہیں، سالانہ تقریباً 65 ہزار مچھلیوں کے بیج تیار کرتی ہیں

### ادارہ ٹراؤٹ فش ہیچری کی مرمت اور بہتری کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرے گا، ڈی جی فشریز بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان، شفیق اللہ خان نے ہنہ اوڑک میں واقع ٹراؤٹ فش ہیچری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہیں فشریز انسپکٹر نور محمد کاکڑ نے ہیچری سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ یہ ہیچری 1958ء میں قائم کی گئی تھی اور حالیہ سیلابوں کی وجہ سے شدید متاثر ہوئی ہے۔ ڈی جی فشریز کا یہ دورہ ہیچری کی مرمت اور بحالی کے انتظامات کے سلسلے میں کیا گیا تاکہ اس قیمتی اثاثے کو دوبارہ فعال اور موثر بنایا جا سکے۔ ہیچری میں اس وقت تقریباً 120 بروڈرز موجود ہیں اور یہ سالانہ اندازاً 65 ہزار مچھلیوں کے بیج (سیڈز) تیار کرتی ہے، جنہیں بعد ازاں قریبی تازہ پانی کے ڈیموں کو فراہم کیا جاتا ہے۔ ڈی جی فشریز بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

نے یقین دہانی کروائی کہ ادارہ ٹراؤٹ فش ہیچری کی مرمت اور بہتری کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرے گا تاکہ ماہی پروری کے شعبے کو مزید فروغ دیا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated 21 AUG 2025 Page No. 8

## حکومت اپنی غلط پالیسیوں کا پھل خود کھا رہی ہے، مولانا واسع

### حکومتی مشینری کو سیاسی انتقام کا آلہ کار بنا کر ہمارے کارکنوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام عوامی مینڈیٹ کی حامل جماعت ہے ہمارا وجود عوام کے اعتماد اور حمایت کا مرہون منت ہے مگر افسوس کہ حکومتی مشینری کو سیاسی انتقام کا آلہ کار بنا کر ہمارے کارکنان کو نشانہ بنایا جا رہا ہے یہ رویہ نہ صرف جمہوریت کی روح کے منافی ہے بلکہ عوامی مینڈیٹ کی توہین بھی ہے۔ ہماری قیادت اور کارکنان پر آئے روز مقدمات قائم کرنا، انہیں گرفتار کرنا اور خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کرنا دراصل اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ حکومت عوامی تائید سے محروم ہو چکی ہے اور آج حکومت اپنی غلط پالیسیوں کا پھل خود کھا رہی ہے۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ صبر و برداشت کا دامن تھامے رکھا ہے، لیکن اگر یہ جبر جاری رہا تو "خاموشی کو کمزوری نہ سمجھا جائے"۔ ہم سیاست میں شائستگی کے قائل ہیں مگر ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم ان ہی کی زبان میں جواب دیں۔

## مفتی جان محمد کو داڑھی سے پکڑ کر گھسیٹنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے، جمعیت

### پولیس نے تذلیل کی انتہا کر دی، بجلی بیگ تھانہ کے ایس ایچ او اور متعلقہ عملے کو معطل کیا جائے، مولانا شرودی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی مولانا محمد ہاشم خیشکی مولانا حفیظ اللہ ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی رحیم الدین ایڈووکیٹ نعت افغان چوہدری محمد عاطف مولانا ضیا الرحمن فاروقی اللہ دوست ایڈووکیٹ مکری محمد جان لانگو و دیگر نے کہا کہ بجلی بیگ پولیس تھانہ کے افسران و اہلکاروں نے انتظامیہ نے ڈبل سواری کے نام پر داڑھی اور پگڑی والوں کی تذلیل کی انتہا کر دی، گزشتہ روز جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے رکن مولانا مفتی جان محمد کو داڑھی سے پکڑ کر گھسیٹا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ہم آئی جی پولیس کوئٹہ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر بجلی بیگ پولیس تھانہ کے ایس ایچ او اور متعلقہ عملے معطل کیا جائے، ڈبل سواری کے نام پر عوام کی تذلیل کو برداشت نہیں کریں گے، یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ کوئٹہ شہر میں 90 فیصد سے زائد شہری، اپنی روزمرہ کی آمد و رفت کے لیے موٹر سائیکل پر انحصار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کوئٹہ مطالبہ کرتی ہے کہ ٹریفک پولیس اور متعلقہ انتظامیہ فوری طور پر اپنی اس پالیسی پر نظر ثانی کرے اور عام شہریوں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

## سیاسی جماعتیں متحد ہو کر ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالیں، لشکری رئیسانی

### طاقت کی بنیاد پر ہونیوالے فیصلوں سے بحران میں اضافہ ہو رہا ہے، اسد قیصر سے ملاقات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اور پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء اسد قیصر نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتیں متحد ہو کر ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالیں، طاقت کی بنیاد پر کیے جانے والے فیصلوں کے نتیجے میں بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے، یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں ملاقات کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات کی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات میں ملک کے سیاسی امور، موجودہ بحرانی حالات، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی اور صوبوں کی تقسیم کی بازگشت پر بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کی بنیاد پر کیے جانے والے فیصلوں کے نتیجے میں بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے یہ پالیسیاں ہمارے قومی وطن کیلئے خوفناک صورتحال پیش کر رہی ہیں۔ اسد قیصر نے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے دورہ اسلام آباد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک میں یقیناً ایک پریشان کن صورتحال ہے، ایسے میں تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ متحد ہو کر ملک کو بحرانوں سے نکالیں تاکہ شفاف طریقے سے پارلیمانی نظام آگے بڑھ سکے۔

## پارلیمنٹ کے فیصلے مقتدر قوتوں کی منشاء سے ہوتے ہیں، مولانا لونی

### 90 دن کسی بھی شہری کو محض شک کی بنیاد پر زیر حراست رکھنے کا قانون غلط ہے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) پاکستان کے قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، پنجاب کے امیر قاری ثناء اللہ فاروقی، صوبہ سندھ کے امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن کمال نے سینیٹ سے انسداد دہشت گردی قانون کی منظوری کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 90 دن کسی بھی شہری کو محض شک کی بنیاد رکھنے کا قانون غلط ہے، اگر کسی پر کوئی الزام ہو تو اسے گرفتار کر کے عدالتوں میں پیش کیا جانا چاہیے لیکن بدقسمتی سے پارلیمنٹ کے فیصلے مقتدر قوتوں کی منشاء سے ہوتے ہیں جس کے باعث ملک آئینی بحران سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے استحکام کا دارومدار خودمختار پالیسیوں اور پارلیمنٹ کی آزادانہ فیصلوں پر ہے، پارلیمنٹ کے فیصلے نہ ہوں تو ملک میں نہ تو سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکمران جماعتوں نے ملک کی خودمختاری کو داؤ

## بارڈر کی بندش سے 30 لاکھ افراد بے روزگار ہو گئے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

### دگرگوں حالات نے بلوچستان کے نوجوان میں مایوسی پیدا کر دی ہے، گوادر میں تقاریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بارڈر کی بندش کی وجہ سے 30 لاکھ افراد بے روزگار ہو گئے ہیں دگرگوں حالات نے بلوچستان کے نوجوان میں مایوسی پیدا کر دی ہے یہ بات انہوں نے گوادر میں مختلف تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے مختلف اسکولز کا دورہ اور ان کی فعالیت و دیگر معاملات سے متعلق ڈپٹی کمشنر اور ضلعی تعلیمی افسر سے ملاقات بھی کی انہوں نے گورنمنٹ ہائی اسکول گھٹی ڈھور میں ماڈرن کلاس کا افتتاح کیا جبکہ یوسف کی جانب سے اسکول بیگز بھی تقسیم کیے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مچھے سائیل میں یوسف کی جانب سے ووکیشنل ٹریڈ اور اساتذہ کی چار روزہ جدید ٹریننگ کا معائنہ کیا گورنمنٹ ہائی اسکول جدید کے دورے کے موقع پر مختلف سیکشن و اساتذہ کی ٹریننگ کا بھی جائزہ لیا۔

MASHRIQ QUETTA

## حلقہ انتخاب کی ترقی و عوامی خدمت اولین ترجیح ہے، علی مدد جتک

### علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں کی تکمیل اور نئے منصوبے شروع کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں

### پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ محروم طبقات کی نمائندگی کی ہے، ایم پی اے کی علاقہ معززین سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائشگاہ پر علاقے سے تعلق رکھنے والے عوام کی کثیر تعداد نے ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والے معززین اور عوامی نمائندوں نے حاجی علی مدد جتک کو اپنے مسائل اور علاقے کی ترقی سے متعلق امور سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر عوام نے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، روزگار کے مواقع اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے متعلق اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔ حاجی علی مدد جتک نے لوگوں کے مسائل کو غور سے سنا اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔

.........بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

۔انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ ہر ممکن فورم پر عوام کی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی جماعت ہے جو ہمیشہ محروم طبقات کی نمائندگی کرتی رہی ہے۔ علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے اور نئے منصوبے شروع کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شرکاء نے حاجی علی مدد جتک کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ علاقے کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 AUG 2025 Page No. 7


## اوستہ محمد، دشمنی کے باعث فائرنگ
## 2/افراد جاں بحق، 5 زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اوستہ محمد گھنٹہ گھر چوک پر مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو گئے ایک کو تشویشناک حالت میں لاڑکانہ منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے دو رہائشی گل حسن جمالی، نواب جمالی گزشتہ روز گھنٹہ گھر چوک کے قریب سے جا رہے تھے کہ پک اپ اور موٹر سائیکلوں پر سوار مسلح افراد ان پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر پانچ افراد زخمی ہو گئے پولیس نے بتایا کہ واقعہ دشمنی کے باعث پیش آیا ہے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## سوئی: سی ٹی ڈی آفس پر دستی بم حملہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) سوئی میں نامعلوم افراد سی ٹی ڈی کے آفس پر دو ہینڈ گرنیڈ پھینک کر فرار ہو گئے دھماکے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس وسیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی۔


MASHRIQ QUETTA


# اوستہ محمد، خاران اور نصیر آباد میں فائرنگ کے واقعات، 4 افراد جاں بحق، 6 زخمی

### مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے گل حسن جمالی اور نواب جمالی جاں بحق ایک کی حالت نازک

### اوستہ محمد گھنٹہ گھر چوک پر فائرنگ سے 5 افراد زخمی، خاران میں فائرنگ سے ذکاء اللہ مینگل ہلاک، دوسرا زخمی

اندرون بلوچستان (نامہ نگاران، آن لائن) اوستہ محمد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد قتل 5 زخمی ۔ایک کی حالت نازک لاڑکانہ روانہ تفصیلات کے مطابق سٹی تھانہ کے قریب گھنٹہ گھر چوک پر مسلحہ حملہ آور موٹر سائیکل پر سواروں نے فائرنگ کر کے گل حسن جمالی ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

۔نواب جمالی کو قتل کر دیا فائرنگ کی زد میں آ کر پانچ افراد زخمی ہوئے ایک کا نام نعیم بتایا جا رہا ہے باقیوں کے نام معلوم نہ ہو سکے پولیس کی مکمل ناکامی تھانا کے قریب قتل حملہ آور بھاگ جانے میں ناکام بتایا جاتا ہے کہ حملہ آوروں کی تعداد پانچ سے زائد تھے ایک پک اپ پر سوار تھا کچھ موٹر سائیکلوں پر بتایا جاتا ہے جمالی قبیلہ کے بنگلانی جمالی اور دشتی اقوام کے درمیان پرانی دشمنی چلی آ رہی تھی۔ دوسری جانب خاران شاپنگ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ذکاء اللہ مینگل ولد امیر بخش ساکن کیشنگی نوشکی موقع پر ہلاک ہو گیا جبکہ طارق ولد محمد اعظم فقیرزئی شدید زخمی ہوئے، جنہیں ابتدائی علاج کیلئے ڈی ایچ کیو خاران منتقل کر دیا گیا۔

## زیارت میں لیویز تھانے پر مسلح افراد حملہ، اہلکار زخمی

### مسلح افراد نے کواس کے علاقے میں ناکہ بندی کی، سرکاری اسلحہ لے گئے

زیارت (یو این اے) گزشتہ شب زیارت کے علاقے کواس میں مسلح افراد نے مین شاہراہ اور قریبی باغات میں ناکہ بندی کر کے سنیپ چیکنگ کی۔ علاقائی......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے مختلف مقامات پر سرچ اور چیکنگ کی جس سے عوام میں خوف وہراس پھیل گیا۔ مزید بتایا گیا کہ اسی دوران مسلح افراد نے کواس میں قائم لیویز تھانہ پر بھی حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق حملہ آور اہلکاروں کا سرکاری اسلحہ اپنے ساتھ لے گئے اور بعد ازاں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ علاقے میں پیش آنے والے اس واقعے کے بعد شہری شدید خوف وتشویش کا شکار ہیں اور انہوں نے متعلقہ حکام سے صورتحال پر قابو پانے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## بیلہ: مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

بیلہ (این این آئی) بیلہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا، پولیس کے مطابق بدھ کو بیلہ کے علاقے مسجد روڈ پر فوڈ پوائنٹ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دکان مالک محمد ادریس زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لیے سی ایم ایچ منتقل کر دیا گیا۔ واقعہ کے بعد حملہ آور فرار ہو گئے جبکہ پولیس نے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی مزید کارروائی جاری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 21 AUG 2025 Page No. 8

# گائے کے دودھ کا نرخ 125 روپے فی لیٹر مقرر کیا جائے، دودھ فروشوں کا مطالبہ

**مکس دودھ کا نرخ 175 فی لیٹر اور گائے کا 125 روپے فی لیٹر مقرر کیا گیا ہے ڈیری والے 50 روپے فی لیٹر اضافی لے رہے ہیں،**

**پی ایف اے غیر معیاری اور پانی مکس کرنے والے ڈیری فارمز کیخلاف کارروائی کرے، حاجی ولایت حسین، عابد جدون و دیگر کی بات چیت**

کوئٹہ (اے پی پی رپورٹر) کوئٹہ میں دودھ فروشوں کے اخراجات روز بروز بڑھ رہے ہیں ضلعی انتظامیہ ان کے اخراجات کے علاوہ 10 فیصد منافع کی نئی اسسمنٹ کمیٹی بنا کر اس میں شامل کیا جائے، ڈیری فارمرز کو اسی نرخ کا پابند بنایا جائے، کوئٹہ میں کسی پر بھی بھینس موجود نہیں لہٰذا صرف ڈیری فارمز کو گائے کے دودھ کا نرخنامہ جاری کیا جائے انتظامیہ نے مکس دودھ کا نرخ 175 فی لیٹر اور گائے کا دودھ 125 روپے فی لیٹر مقرر کیا ہے اکثر ڈیری فارمرز صرف گائے کا دودھ 175 روپے یعنی 50 روپے فی لیٹر اضافی نرخ مقرر کیا جبکہ اکثر و بیشتر ڈیری فارمرز کے دودھ میں پانی بھی شامل کیا جا رہا ہے فوڈ کنٹرول اتھارٹی کارروائی کر کے عوام کو اصلی دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کیساتھ ساتھ سستی دودھ کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے آل کوئٹہ ملک شاپ اینڈ ملک سپلائرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی ولایت حسین، سینئر نائب صدر عابد خان جدون، نائب صدر مہد اعلی، جنرل سیکرٹری چوہدری ریاض احمد کھانہ گجر پریس سیکرٹری حسنین جدون اور دیگر عہدیداروں نے بتایا ہے کہ ہمارا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ ہے کہ 2023 میں معزز عدالت عالیہ کے حکم پر پرچون دودھ فروشوں کے اخراجات کیلئے ایک کمیٹی بنائی گئی تھی، اس کمیٹی نے اسسمنٹ رپورٹ پیش کی کہ دودھ فروشوں کو 16 روپے فی لیٹر دودھ فروخت کرنے کا خرچ آتا ہے، جبکہ ضلعی انتظامیہ نے 15 روپے دیئے گئے ہیں منافع تو در کنار اس میں ہمیں خرچہ بھی پورا نہیں دیا گیا ہے۔ اس بابت ہم نے درخواستیں متعدد بار دی ہے، جس پر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے، تین سال گزر گئے مہنگائی کے تناسب ہمارے اخراجات میں بھی بے پناہ اضافہ ہوا ہے، لہٰذا نئی اسسمنٹ کمیٹی بنا کر ہمیں اخراجات کے علاوہ 10 فیصد منافع دیا جائے اور دوسرا اہم مسئلہ یہ ہے کہ انتظامیہ نے ڈیری فارمرز کو ہول سیل مکس ریٹ 175 روپے فی لیٹر گائے کا دودھ 125 روپے مقرر کیا ہے اکثر دودھ ڈیری فارمر گائے کا دے رہے ہیں 175 روپے اس میں 50 روپے اضافہ لیا جا رہا ہے اور دودھ میں پانی بھی مکس کیا جا رہا ہے دودھ بند کیا جائے تو ہم نے لاکھوں روپے ڈیری فارمرز کو ایڈوانس دیا ہے کہتے ہیں کہ اگلے سال دو رقم واپس لے، اب ہمارے پاس کوئی اور چارہ نہیں یہی غیر معیاری دودھ عوام پر فروخت کر رہے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کو مشورہ دیا ہے کہ مکس دودھ کو ختم کر کے صرف گائے کا دودھ کا نرخ 140 روپے جاری کیا جائے عوام کو زیادہ سے زیادہ اس میں ریلیف ملے گا، کیونکہ ڈیری فارمرز میں بھینس ہی نہیں ہیں، اس کا ریشو چیک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ 10 بھینسوں کا دودھ گائے کے دودھ کے برابر ہے، لہٰذا ڈیری فارمرز میں صرف گائے ہی نظر آتے ہیں۔

# کوئٹہ انٹرنیٹ کی طویل بندش، لاکھوں شہری روزگار و تعلیم سے محروم

**انٹرنیٹ بند ہونے کے باعث فری لانسرز، آن لائن بزنس سے وابستہ افراد اور چھوٹے بڑے کاروباری ادارے بری طرح متاثر ہو رہے ہیں**

**تعلیمی شعبے میں بھی طلبہ آن لائن کلاسز، ریسرچ اور امتحانات تک رسائی نہ ہونے کے باعث پیچھے رہ گئے ہیں، آج انٹرنیٹ بنیادی ضرورت ہے**

**کوئٹہ کے نوے فیصد علاقے ڈاکخانوں سے محروم، صارفین کو مشکلات، یوٹیلٹی بلوں کی ادائیگی کے لیے شہر کے تمام ڈاکخانے فعال کیے جائیں، شہری**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر کے نوے فیصد علاقے ڈاکخانوں سے محروم ہیں، جس کے باعث سریاب، سبزل روڈ، نواں کلی، بدو اور جیل روڈ کے بجلی و گیس صارفین کو جنرل پوسٹ آفس (جی پی او) جا کر بل جمع کرانے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ جی پی او میں لمبی قطاروں کے باعث صارفین کو شدید ذہنی کوفت کا سامنا ہے جبکہ داد رسی کرنے والا کوئی موجود نہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ یوٹیلٹی بلوں کی ادائیگی کے لیے شہر کے تمام ڈاکخانے فعال کیے جائیں یا پھر جی پی او میں 24 گھنٹے کھلے رہنے والے کاؤنٹرز قائم کیے جائیں تاکہ صارفین کو سہولت میسر آ سکے اور بروقت ادائیگی ممکن ہو۔ دوسری جانب بلوچستان میں تھری جی اور فور جی انٹرنیٹ سروس کی کئی روز سے جاری بندش نے لاکھوں شہریوں کو مشکلات میں ڈال دیا ہے۔ انٹرنیٹ نہ ہونے کے باعث فری لانسرز، آن لائن بزنس سے وابستہ افراد اور چھوٹے بڑے کاروباری ادارے شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ نوجوان جو عالمی پلیٹ فارمز پر خدمات فراہم کر کے معیشت میں کردار ادا کر رہے تھے، اب کام سے محروم ہو کر معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ تعلیمی شعبے میں بھی طلبہ آن لائن کلاسز، ریسرچ اور امتحانات تک رسائی نہ ہونے کے باعث پیچھے رہ گئے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جدید دور میں انٹرنیٹ زندگی کا بنیادی تقاضا ہے، مگر بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں بار بار کی بندش نہ صرف شہریوں کو مشکلات میں مبتلا کر رہی ہے بلکہ پاکستان کے عالمی تشخص کو بھی نقصان پہنچا رہی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ کی طویل بندش بلوچستان کو مزید ڈیجیٹل پسماندگی کی طرف دھکیل رہی ہے جبکہ دنیا ڈیجیٹل اکنامی کی جانب بڑھ رہی ہے۔ شہریوں نے حکومت پاکستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر بلوچستان میں انٹرنیٹ سروس بحال کی جائے تاکہ عوام روزگار، تعلیم اور رابطے کے جدید ذرائع سے محروم نہ رہیں اور ملک عالمی سطح پر ڈیجیٹل ترقی کی دوڑ میں پیچھے نہ رہ جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6 Dated: 21 AUG 2025 Page No. 9

# بلوچستان کی تعمیر وترقی: شفافیت اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کی اہمیت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے اس سے قبل گزشتہ روز بھی کوئٹہ ڈیلپمنٹ پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تاکید کی تھی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اس سے اگلے روز وزیراعلیٰ نے ایک بار پھر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سختی سے تاکید کی ہے کہ فنڈز کا درست استعمال یقینی بنایا جائے ان کا کہنا تھا کہ محکمے ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت کے ذمہ دار ہیں۔

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور انتہائی اہم صوبہ ہے تاہم مختلف وجوہات کی بناء پر یہ صوبہ طویل عرصے سے غربت، پسماندگی اور وسائل کی کمی کا شکار رہا ہے۔ اس پسماندگی کی ایک بڑی وجہ ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کی سست روی، معیار سے سمجھوتہ اور فنڈز کا غیر شفاف استعمال رہا ہے۔ تاہم، حالیہ برسوں میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے ایک نئی اور پرعزم حکمت عملی اپنائی گئی ہے اس وقت وفاقی اور صوبائی حکومت ایک صفحے پر ہیں اور بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے ریکارڈ تعداد میں منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر مسلسل زور اس عزم کا واضح ثبوت ہے۔

وزیراعلیٰ کی یہ تاکید صرف ایک ہدایت نہیں بلکہ ایک پالیسی ہے جس کا مقصد صوبے کے عوام کو ان کے حقوق دلانا اور وسائل کا درست استعمال یقینی بنانا ہے بلوچستان کی پسماندگی کی وجوہات میں پیچیدہ سماجی، سیاسی اور جغرافیائی عوامل شامل ہیں۔ وسیع رقبہ، کم آبادی، اور مشکل علاقہ ترقیاتی کاموں کو مزید چیلنجنگ بناتے ہیں۔ یہاں کے عوام کو تعلیم، صحت، صاف پانی اور روزگار جیسی بنیادی سہولیات تک رسائی حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ مسائل نہ صرف صوبے کی اقتصادی ترقی میں رکاوٹ ہیں بلکہ معاشرتی عدم استحکام کا بھی باعث بنتے ہیں۔ ان چیلنجز کے باوجود، بلوچستان میں بے پناہ قدرتی وسائل موجود ہیں، جن میں معدنیات، گیس اور ساحلی پٹی شامل ہیں۔ ان وسائل کا موثر استعمال ہی صوبے کی تقدیر بدل سکتا ہے یہ امر باعث اطمینان ہے کہ موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بلوچستان کی محرومیوں کا ادراک کر چکی ہیں اور ان کے حل کے لئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہیں۔

وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے تحت مختلف شعبوں، جیسے کہ انفراسٹرکچر، زراعت، تعلیم، صحت، اور مواصلات میں بڑے پیمانے پر منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔ یہ منصوبے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا کریں گے بلکہ صوبے کے اقتصادی ڈھانچے کو بھی مضبوط بنائیں گے وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان میں نئے شاہراہوں، ڈیمز، اور توانائی کے منصوبوں کو اہمیت دینا انتہائی اہم ہے اسی طرح، صوبائی حکومت اپنی پی ایس ڈی پی کے تحت مقامی سطح پر لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مختلف النوع منصوبوں پر کام کر رہی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل پر بار بار تاکید ایک انتہائی اہم اور درست فیصلہ ہے۔ ان کی یہ ہدایات اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ ماضی کی غلطیوں کو دہرانا نہیں چاہتے۔ وزیراعلیٰ نے دو... نکات پر زور دیا ہے شفافیت اور بروقت تکمیل۔ ترقیاتی منصوبوں میں فنڈز کا درست اور شفاف استعمال عوامی اعتماد کے لئے ضروری ہے۔ جب عوام یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے ٹیکس کا پیسہ صحیح طریقے سے استعمال ہو رہا ہے تو وہ حکومتی اقدامات کی حمایت کرتے ہیں۔ بدعنوانی اور فنڈز کے غلط استعمال سے منصوبوں کا معیار متاثر ہوتا ہے اور ان کی افادیت کم ہو جاتی ہے۔ وزیراعلیٰ کی ہدایت ہے کہ محکمے ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت کے ذمہ دار ہیں۔ یہ ایک اچھی مثال ہے جس میں ہر ادارے کو اپنے کام کا جوابدہ بنایا گیا ہے اسی طرح منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل نہ ہونے سے نہ صرف لاگت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ عوام کو ان کے فوائد سے بھی محروم رہنا پڑتا ہے۔ اگر منصوبے بروقت مکمل نہیں ہوں گے تو لاگت بھی بڑھے گی اور دیگر مسائل بھی جنم لیں گے۔ یہ حقیقت ہے کہ وقت پر مکمل نہ ہونے والے منصوبے مالی اور انتظامی بوجھ بن جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ، جب کسی منصوبے میں تاخیر ہوتی ہے تو اس کے اصل اہداف اور مقاصد بھی متاثر ہوتے ہیں۔

وزیراعلیٰ نے خاص طور پر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ جیسے بڑے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر زور دیا ہے، جو شہری زندگی کو بہتر بنانے کے لئے انتہائی ضروری ہیں وزیراعلیٰ کی یہ ہدایات صرف کاغذ پر نہیں رہنی چاہئیں بلکہ انہیں عملی جامہ پہنانا ضروری ہے۔ محکموں اور ٹھیکیداروں کو سخت نگرانی میں لانے کی ضرورت ہے تاکہ معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو اور ہر مرحلے کی رپورٹنگ کی جائے۔ اس کے لئے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جا سکتا ہے تاکہ منصوبوں کی پیش رفت کو آن لائن ٹریک کیا جا سکے بلوچستان کی تعمیر وترقی ایک طویل اور مشکل سفر ہے، لیکن موجودہ حکومتوں کا عزم اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں شروع کئے گئے اقدامات ایک نئے دور کا آغاز ہیں۔ یہ اطمینان بخش ہے کہ وفاق اور صوبہ ایک پیج پر ہیں اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں۔ تاہم، اس کوشش کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق منصوبوں میں شفافیت اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ اگر ان اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان کی پسماندگی ختم ہوگی اور یہ صوبہ پاکستان کی ترقی میں ایک اہم ستون بنے گا۔

# Balochistan's Green Future

The recent Balochistan Green Energy and Industrial Development Conference, a collaboration between the Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) and the Balochistan Board of Investment and Trade (BBoIT), marks a crucial step toward realizing the province's immense potential. As FPCCI President Atif Ikram Sheikh noted, this event is a promising sign for Pakistan's future. It signals a much-needed shift in focus toward a region rich in untapped resources. FPCCI President said the conference would open new horizons for investment in the province because Balochistan has the potential to become the country's hub for green energy. He said that FPCCI is committed to encouraging the business community across Pakistan to explore opportunities in energy, mines and minerals, food, and agriculture sectors. For too long, Balochistan's vast potential has been overlooked. Blessed with an abundance of energy, minerals, and fertile agricultural land, the province has yet to see its resources fully harnessed for the benefit of its own people. This has been a missed opportunity for the entire nation. Now, with a growing global focus on sustainable development and green technology, Balochistan is uniquely positioned to become a leader in renewable energy. The province's ample sunshine and strong winds make it an ideal location for solar and wind power projects. Developing these resources would not only meet Pakistan's growing energy needs but also create a new, sustainable economic engine for Balochistan. To turn this vision into reality, the Balochistan government and the BBoIT must take decisive action. This isn't just about organizing conferences; it's about creating an environment where investors feel confident and supported. Pragmatic measures are needed to attract capital in key sectors like energy, mines and minerals, food, and agriculture. This includes offering clear incentives, streamlining bureaucratic processes, and ensuring a stable and secure operational environment. Encouraging the business community to invest in Balochistan is a win-win situation. It promises a pathway to economic prosperity for the province and provides new avenues for growth for investors. However, success hinges on the government's ability to act as a facilitator, not a roadblock. Removing obstacles and ensuring all possible facilities are provided to investors are essential steps to building trust and encouraging long-term commitment. The concerned authorities must not take tangible steps with regard to growing investment in the province. By strategically promoting investment and creating a supportive ecosystem, Balochistan can finally unlock its full potential, becoming a powerhouse of green energy and a key contributor to Pakistan's overall economic development.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 21 AUG 2025 Page No. 11


# افکار پریشان

## کچھ تازہ لطائف


انور ساجدی


ریاست پاکستان میں چونکہ نمائندہ حکومت نہیں ہے قانون کی حکمرانی اور گورننس نہیں ہے انصاف ناپید ہے ادارے مفلوج ہیں چنانچہ ایسے ماحول میں ہر جگہ ہر طرف لطیفے دیکھنے اور سننے کو ملتے ہیں۔ دوروز قبل شہباز شریف نے یہ مژدہ جانفزا سنایا کہ ملک بہت اچھا چل رہا ہے ترقی کا عمل تیز ہوگیا ہے عین اس وقت خیبرپختونخوا اور گلگت، بلوچستان طوفانی بارشوں کے بعد بدترین تباہی سے دوچار تھے لیکن وزیراعظم کو یہ تباہی اور بربادی نظر نہیں آرہی تھی۔ ان کے خواب وخیال میں امداد کے ڈالر چھائے ہوئے تھے جس کی امید پر وہ ملک کے صحیح چلنے کی نوید سنا رہے تھے حالانکہ کے پی کے میں سینکڑوں لوگ لقمہ اجل بن چکے ہیں کوئی فصل باقی نہیں۔ نجی نقصانات کا تخمینہ ایک ارب ڈالر سے زیادہ ہے اگر یہ نقصان پورا کیا جائے تو شرح نمو نیچے چلے جائے گی اور وہاں کے لوگوں کی بحالی میں طویل عرصہ لگے گا۔

ایک لطیفہ پنجاب کی وزیراعلیٰ محترمہ مریم نواز کا دورہ جاپان ہے جب وہ بینکاک سے ٹوکیو پہنچیں تو کوئی جاپانی اہل کاران کے خیر مقدم کے لئے موجود نہیں تھا صرف پاکستانی سفارتی عملہ موجود تھا لیکن ٹی وی چینلو پر خبر دی گئی کہ ٹوکیو میں محترمہ کا پرتپاک خیر مقدم ہوا ہے یہ پرتپاک خیر مقدم اور دیگر سرگرمیوں کا پنجاب حکومت نے باقاعدہ اشتہار بنا کر چینلو پر چلایا۔ لطیفہ یہ ہوا کہ ان اشتہاروں میں دکھایا گیا کہ مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کو جاپان کی طرح ترقی دی جائے گی سوچنے کی بات ہے کہ کہاں جاپان کی ترقی اور کہاں پسماندہ پنجاب جہاں کے سارے شہر سیلاب میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ جاپان طویل عرصہ تک دنیا کی دوسری بڑی معیشت رہا ہے۔ آج کل اس کی تیسری پوزیشن ہے چوتھی پوزیشن پر جرمنی اور انڈیا ایستادہ ہیں۔ اگر مودی کم فہم نہ ہوتا تو رواں سال یا آئندہ سال انڈیا جرمنی کو پیچھے چھوڑ دیتا۔

جاپان کی ٹیکنالوجی بہت ایڈوانس اور مضبوط ہے او اس کی ہمسری چین سمیت دنیا کا کوئی ملک نہیں کرسکتا۔ پنجاب صدیوں پیچھے ہے۔ اگر مریم نے یہ سوچا ہے کہ جاپان کو رول ماڈل بنا کر پنجاب کو ترقی دی جائے تو یہ اچھی بات ہے لیکن انہیں فیوجی پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے کے بجائے ملائیشیا ویت نام جیسے ملکوں میں جاکر ترقی کا جائزہ لینا چاہیے تھا کیونکہ پنجاب کا انفراسٹرکچر انگریزوں کے دور کا ہے۔ ریلوے ٹریک بھی پونے دوسو سال پہلے کی بچھائی ہوئی ہے۔ مریم کے چاچو نے لاہور میں میٹرو اور اورنج ٹرین چلائی تھی جبکہ مریم بی بی سڑکوں پر ٹرام چلانا چاہتی ہیں معلوم نہیں کہ ان ٹرامز میں کشش والی خصوصیات ہوں گی کہ نہیں کیونکہ لاہور شہر بارشوں میں ڈوب جاتا ہے تو ٹرام کہاں چلے گی اگر بی بی مریم کا کوئی اچھا مشیر ہوتا تو وہ انہیں لاہور میں نکاسی آب کا منصوبہ بنانے کا مشورہ دیتا اگر اوپر سے لاہور کو جتنا خوبصورت بنایا جائے اور وہ سیلاب میں ڈوب جائے تو ساری خوبصورتی غارت جائے گی۔ ویسے تو مریم بی بی کے وزیر اور مشیر بہت سارے ہیں لیکن ان کا اصل "منور" پرویز رشید ہیں جو عہدہ نہ ہونے کے باوجود ہر میٹنگ میں نظر آتے ہیں اور سائے کی طرح ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ نہ جانے پرویز رشید کی تعلیم تربیت اور فہم کہاں گئی ہے جو اپنی شاگرد کو صحیح منصوبے تشکیل دینے کی صلاح نہیں دیتے ان کے ایک اور "منور" ضیائی مارشل لاء کے ستون صحافی مجیب الرحمن شامی ہیں انہیں ہر طرف اچھا ہی اچھا نظر آتا ہے حالانکہ ضیاء الحق کو وہ صحیح مشورے دیتے رہتے تھے اور پیپلز پارٹی کو کچلنے کے گر بتاتے رہتے تھے ہوسکتا ہے کہ وہ آج کل تحریک انصاف کو ٹھکانے لگانے کی ترکیبیں بتاتے ہوں پنجاب میں پارٹی کے خلاف طاقت کا جو بے رحمانہ استعمال ہے اس میں شام چوراسی کے چشم و چراغ کے مشورے ضرور شامل ہوں گے۔ ایک لطیفہ صحافی سہیل وڑائچ کا وہ کالم ہے جس میں انہوں نے عمران خان کو مشورہ دیا ہے کہ وہ صدق دل سے معافی مانگ کر موجودہ مصائب سے چھٹکارا حاصل کریں ان کے بقول جان ہے تو جہان ہے انہوں نے ڈرایا ہے کہ اگر عمران خان نے معافی نہیں مانگی تو ان کا حشر بھٹو جیسا ہوسکتا ہے اور ریاست ایک اور ایسے واقعہ کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے عمران خان کو جیل قید پھانسی اور سزائے موت سے ڈرایا ہے۔ سہیل وڑائچ طویل عرصہ سے سرکاری بھانڈ کا کام کررہے ہیں یعنی بڑے لوگوں کے لئے پیغام رسانی کا کام کرتے ہیں۔ اس ڈیجیٹل دور میں بھی ایسے بھانڈوں کی افادیت اپنی جگہ برقرار ہے۔ یہ تو پتہ نہیں کہ عمران خان اپنے عزیز جنرل امیر عبداللہ خان کے نقش قدم پر چل کر جان بخشی کے عوض سرنڈر کرتے ہیں یا ذوالفقار علی بھٹو کی طرح شان کے ساتھ مقتل کی طرف جاتے ہیں اگر انہوں نے سرنڈر کرلیا تو سمجھو کہ وہ سیاسی طور پر سولی چڑھ گئے اور عوام میں ان کی پذیرائی زیرو ہو جائے گی اس ریاست کی تاریخ میں نواز شریف واحد لیڈر ہیں کہ انہوں نے جنرل پرویز مشرف سے تحریری معافی مانگی سرنڈر کر کے جلاوطنی بھی قبول کرلی اس کے باوجود وہ دوبارہ اقتدار میں آئے کیونکہ وہ مقتدرہ کی دوبارہ ضرورت بن گئے تھے مشرف کے بقول 12 صفحات پر مشتمل معافی نامے کے ہر صفحے پر دستخط کی ضرورت تھی لیکن شہباز شریف نے 24 دفعہ دستخط کر کے ثابت کیا کہ جان بخشی پر وہ کتنے خوش ہیں۔ ایک اور دلچسپ خبر آج نظر سے گزری کہ 18 اگست 1975ء کو مشرقی کمان کے کمانڈر جنرل اے اے کے نیازی کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا تھا یعنی انہوں نے ڈھاکہ کے پلٹن میدان میں ہتھیار 16 دسمبر 1971ء کو ڈالے لیکن چار سال تک ان کی ملازمت اور مراعات برقرار تھیں۔ اگر نیازی کی جگہ کوئی اور ہوتا تو اس کا براحشر کر دیا گیا ہوتا۔ حمود الرحمن کمیشن میں جن فوجی افسران کے خلاف کارروائی کی سفارش کی گئی تھی ان میں سے جنرل غلام عمر (اسد عمر اور زبیر عمر کے والد) کے سوا کسی کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی)۔ جنرل ٹکا خان آڑے آئے تھے حتیٰ کہ جنرل یحییٰ خان بھی راولپنڈی کے ہارلے اسٹریٹ والے گھر میں پرسکون موت مرے تھے اور اعزاز کے ساتھ ان کی تدفین کی گئی تھی حالانکہ حمود الرحمن کمیشن رپورٹ میں ملک دولخت کرنے کا ذمہ دار انہی کو گردانا گیا تھا۔

شریف خاندان اگرچہ 2024ء کا الیکشن بری طرح ہار گیا تھا لیکن مقتدرہ میں ان کی مقبولیت برقرار ہے۔ 1992ء میں جب میاں صاحب غیر وابستہ ممالک کی سربراہی کانفرنس میں شرکت کے لئے جکارتہ جا رہے تھے تو ایک رات ان کا قیام سنگاپور میں تھا پتہ چلا کہ سنگاپور کے بانی لی کوان سے ملاقات کے دوران میاں صاحب نے ان سے پوچھا کہ آپ نے جس طرح سنگاپور کو ترقی دی ہمیں بھی کوئی گر بتائیں کہ ہم پاکستان کو اسی طرح ترقی دیں۔ اس پر سنگاپور کے بانی نے انہوں نے کہا کہ سنگاپور ایک شہر ہے جو کراچی سے بھی چھوٹا ہے پاکستان ایک بہت بڑا ملک ہے اگر آپ کسی شہر کو ترقی دینا چاہتے ہیں تو بے شک مجھ سے مشورہ کریں لیکن اتنے بڑے ملک کو ترقی دینے میں مشورہ دینے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ ایسے لوگوں کو بار بار اقتدار پر مسلط کیا گیا چنانچہ آج پاکستان جس طرح ناکام ثابت ہو رہا ہے اس کی بڑی وجہ یہی ہے۔ 19 اگست کو کراچی میں جو بارش ہوئی دیگر شاہراؤں کے ساتھ آئی آئی چندریگر روڈ بھی ڈوب گیا یہ سڑک پاکستان کا تجارتی اور مالیاتی حب ہے ملک کے تمام بڑے بینک اور مالیاتی ادارے اسی روڈ پر ہیں جبکہ اس کے آخر میں کراچی پورٹ ہے اس کی ایک گلی میں پاکستان کا سب سے بڑا جوا خانہ یا سٹہ گھر واقع ہے جسے عرف عام میں کراچی اسٹاک ایکسچینج کہا جاتا ہے صبح 9 بجے جب میں وہاں سے گزر رہا تھا تو اسٹاک ایکس چینج کے سامنے پانی کھڑا تھا لیکن 9 بجے جب ٹریڈنگ شروع ہوئی اطلاعات کے مطابق اس میں 13 سو پوائنٹ کا اضافہ ہوا کوئی بتائے کہ آدھے سے زیادہ ملک سیلاب کی تباہیوں کا شکار ہے کراچی ڈوبا ہوا ہے خود ایکس چینج کی عمارت بھی ڈوبی ہوئی ہے پورے ملک کا کاروبار بند ہے کراچی میں سرکاری تعطیل ہے اس کے باوجود اسٹاک ایکسچینج کی اونچی پرواز کیسے ممکن ہے کوئی مستند ماہر معیشت ہی اس کی وجہ بتا سکتا ہے آیا یہ بھی ایک تازہ لطیفہ ہے یا اس میں کچھ حقیقت بھی ہے۔

کراچی کے سیلاب سے عظیم شاعر عطا شاد کا ایک شعر یاد آیا جو اس طرح ہے۔

سیلاب کو نہ روکئے رستہ بنایئے
کس نے کہا تھا گھر لب دریا بنایئے


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 21 AUG 2025 Page No.




چیف سیکرٹری شکیل قادر خان مختلف اضلاع میں کولڈ سٹوریجز کی تعمیر کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان مختلف اضلاع میں کولڈ سٹوریجز کی تعمیر کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بزرگی ترک اڈہ کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner